جامعات المحصنات پاکستان

# المحصنات

ای نیوز جولائی 2021



تری فطرت امیں ہے ممکنات زندگانی کی
جہاں کے جوہر مضمر کا گویا، امتحاں تو ہے

Mohsanat1 @ATULJAMIA AlMohsanatTrust Mohsanat.edu.pk

# القرآن

شَرَعَ لَكُمۡ مِّنَ الدِّیۡنِ مَا وَصّٰی بِهٖ نُوۡحًا وَّ الَّذِیۡۤ اَوۡحَیۡنَاۤ اِلَیۡكَ وَ مَا وَصَّیۡنَا بِهٖۤ اِبۡرٰهِیۡمَ وَ
مُوۡسٰی وَ عِیۡسٰۤی اَنۡ اَقِیۡمُوا الدِّیۡنَ وَ لَا تَتَفَرَّقُوۡا فِیۡهِ ؕ كَبُرَ عَلَی الۡمُشۡرِكِیۡنَ مَا تَدۡعُوۡهُمۡ اِلَیۡهِ ؕ
اَللّٰهُ یَجۡتَبِیۡۤ اِلَیۡهِ مَنۡ یَّشَآءُ وَ یَهۡدِیۡۤ اِلَیۡهِ مَنۡ یُّنِیۡبُ ﴿۱۳﴾

ترجمہ: ''تمہارے لیے دین کی وہ راہ ڈالی جس کا حکم اس نے نوح کو دیا اور جو ہم نے تمہاری طرف وحی کی اور جس کا حکم ہم نے ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ کو دیا کہ دین ٹھیک رکھو اور اس میں پھوٹ نہیں ڈالو مشرکوں پر بہت ہی گراں ہے وہ جس کی طرف تم انہیں بلاتے ہو، اور اللہ اپنے قریب کیلیے چن لیتا ہے جسے چاہے اور اپنی طرف راہ دیتا ہے اسے جو رجوع لائے''۔ (سورۃ الشوریٰ آیت 13)

# الحدیث

حضور اکرم ﷺ کا ارشاد ہے:۔

''تمہارے اوپر واجب ہے کہ تم جماعت کو لازم پکڑے رہو اور تفرقہ بازی سے بچو کیونکہ شیطان ایک کے ساتھ ہوتا ہے اور 2 لوگوں کے ساتھ دور رہتا ہے۔'' (الترمذی، باب الفتن)۔

ایک دوسری حدیث میں آتا ہے کہ:

''جس شخص نے امیر کی اطاعت سے اپنا ہاتھ کھینچ لیا تو قیامت کے دن وہ اللہ سے ایسے ملے گا کہ اس کے پاس کوئی حجت نہیں ہوگی اور وہ شخص جس کی گردن میں کسی امیر کی بیعت کا قلادہ نہیں اور اسی حالت میں اس کی موت ہو جائے تو گویا اس کی موت جاہلیت کی موت ہوگی۔'' (مسلم، کتاب الامارہ)

جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی اور جس نے امیر کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے امیر کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی۔'' (مسلم، کتاب الامارہ)۔

''اللہ کی راہ میں تمہارا کھڑا رہنا گھر کے اندر پڑھی جانے والی تمہاری ستر برس کی نمازوں سے بھی افضل ہے" (ترمذی، جلد اول)

نبی اکرم محمد مصطفیٰ ﷺ نے فرمایا کہ:۔

''میں تمہیں پانچ باتوں کا حکم دیتا ہوں: جماعتی زندگی کا، سمع (یعنی احکام امیر کے سننے) واطاعت (یعنی احکام کے ماننے) کا، ہجرت اور جہاد فی سبیل اللہ کا"۔ (احمد و ترمذی، بحوالہ مشکوۃ، ص 321)

# پیغام

اسلام، قرونِ اول سے اپنے اقدار و روایات اور تعلیم و تربیت کے منظّم نظام کے ساتھ دنیا پر اثر انداز ہو رہا ہے۔ دورِ محمدیؐ اور خلافت راشدہ سے شروع ہونے والا سلسلہ خلافت عثمانیہ تک، مسلمانوں کے عروج کی داستان ہے۔ اس عروج کا راز وہ نظام مدارس ہے، جس میں طالب علم کو قرآن و احادیث سے آراستہ کرتے ہوئے شعبہِ زندگی کے ہر فن میں ماہر کیا جاتا تھا، جہاں ابن تیمیہؒ، امام غزالیؒ اور امام جوزیؒ جیسے اہلِ علم، البیرونی، جابر بن الحیان اور بوعلی سینا جیسے تعمیرات، سائنس اور طب کے ماہرین، فوج کے سپاہی اور سپہ سالار، ہم منصبِ مدرسہ ہوتے تھے۔

لیکن وقت کے دھارے نے کروٹ بدلی اور ہم مغربی دنیا کی ترقی کے پیش رو بن گئے۔ جدت کے نام پر مغربی طرز تعلیم کی طرف متوجہ ہو گئے جس میں نا نظریہ ہے اور نا تربیت۔ اہمیت ہے تو فقط پیشہ ورانہ تعلیم کی جو انسان کو پیسے کا غلام بنا دے۔ جب انسان اپنے انفرادی مفاد کے لیے خود غرض ہو جائے، جب معاشرے کی اقدار و تہذیب، گلوبلائزیشن کے نام پر ہر قید سے آزاد ہو جائیں، جب خاندان اور رشتوں کی ضرورت ہی نا ہو، تو اس معاشرے میں نا دین بچتا ہے، نا نظریہ اور نا تہذیب۔

اس طوفان کا مقابلہ کرنے اور امت کے احیاء کے لیے ہمیں اپنے پیشواؤں کے نظام مدارس کو منظّم کرنا ہوگا جہاں خلیفۃ اللہ کے احساس ذمہ داری سے سرشار، نسلِ نو تیار کی جائے جو اللہ کی زمین پر اپنی بھرپور صلاحیت اور قابلیت کے ساتھ قرآن و سنت کی بالادستی قائم کر سکے، جو اسلامی اقدار کو زندہ کر سکے۔ ان حالات میں اہلِ علم کی ذمہ داری بڑھ جاتی ہے، جامعات المحصنات پاکستان بھی اپنے قیام سے لے کر آج تک جذبہ ایمانی سے سرشار، یہ ذمہ داری اٹھائے ہوئے ہے اور امت کی بہترین داعیات کی تیاری میں سرگرمِ عمل ہے۔

تری فطرت امیں ہے ممکنات زندگانی کی
جہاں کے جوہرِ مضمر کا گویا، امتحاں تو ہے

والسلام

ثوبیہ عبدالسلام

صدر جامعات المحصنات

# مرکزی خبریں

## نئی نگراں کا تقرر:

سیشن 2021 تا 2023 کے لئے جامعات المحصنات پاکستان کی نئی نگران ثوبیہ عبدالسلام کی تقرری عمل میں آئی۔ حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان کی سیکرٹری جنرل دردانہ صدیقی نے جامعات المحصنات پاکستان نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ زمین پر علم کی ابتدا بھی وحی الہی کے ذریعے ہوئی اوراس کی انتہا بھی نبی آخرالزماں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت پر ہوئی ۔تعلیم کا اصل مقصد زمین پر اللہ کے خلیفہ کی تیاری ہے مگر یہ بات ذہن نشین رہے کہ انسان حکمران اور خود مختار نہیں بلکہ اصل مالک کا خلیفہ ہے اوراس کا کام بھٹکی ہوئی انسانیت کو راہ راست پر لانا اور ہدایت کو تمام انسانوں تک پہنچا دینا ہے۔

انہوں نے نومنتخب نگران جامعات المحصنات پاکستان ثوبیہ عبدالسلام کی تقرری پر ان کے لئے استقامت اور طالبات کی تعلیم و تربیت کی ذمہ داری با احسن نبھانے کی ہمت و توفیق کے لئے خصوصی دعا فرمائی۔

نشست میں سابقہ قیمہ عائشہ منور، مرکزی معتمدہ تسنیم معظم، ڈپٹی سیکرٹری ثمینہ سعید، نگران شعبہ تعلیم عائشہ یاسمین، چیئرپرسن المحصنات ٹرسٹ تحسین فاطمہ، امت الرقیب خالہ جان، نگران مالیاتی کمیٹی منور اخلاص، سابقہ نگرانات طلعت ظہیر، مبین طاہرہ، افشاں نوید و دیگر مرکزی ذمہ داران بھی موجود تھے۔

## آن لائن سیشن برائے شعبہ تشہیر:

جامعات المحصنات پاکستان کے مرکزی شعبہ تشہیر کے تحت جامعات کی نگرانات کے ساتھ آن لائن سیشن ہوا۔ جامعات المحصنات پاکستان کی مرکزی شعبہ تشہیر کی ڈائریکٹریس صائمہ افتخار نے شعبہ کی طے کردہ ایس او پیز پر جامع پریزنٹیشن دی بعدازاں نائب نگراں آئی ٹی حلقہ خواتین جماعت اسلامی شازیہ عبدالقادر نے "سوشل میڈیا کے رہنما اصول اور ہماری تشہیر" کے عنوان سے پریزینٹیشن دی۔

## آن لائن کورس (علم الفرائض) کا آغاز:

جامعات المحصنات پاکستان کے مرکزی شعبہ ارتقاء منہج تعلیم کے تحت علم الفرائض (وراثت کی تقسیم) کے حوالے سے خواتین کے لئے آن لائن کورس کا آغاز کیا گیا جسے معروف دینی اسکالر ڈاکٹر ساجد جمیل کروا رہے ہیں۔ کورس کا دورانیہ سولہ ہفتوں پر مشتمل ہے۔

## جامعہ حب میں بی ٹی ایم ٹی کا آغاز:

جامعات المحصنات پاکستان کے مرکزی شعبہ ارتقائے نظام کے تحت جامعات المحصنات حب میں معلمات کے لئے بنیادی تربیت بی ٹی ایم ٹی کا کورس کرایا گیا۔ جس میں مربین نے مختلف موضوعات پر لیکچرز اور ورکشاپس کرائیں۔

ذمہ داران
جامعات المحصنات پاکستان
برائے سیشن
2021 تا 2023

| | |
|---|---|
| نگران | ثوبیہ عبدالسلام |
| نائب نگراں | خالدہ طارق |
| | فرحانہ کوثر |
| | ایمان صادقہ |
| جنرل سیکرٹری | انجم وصی |
| جوائنٹ سیکرٹری | نورین صدیقی |

## سالانہ نتائج 2021:

رابطہ المدارس 2021 کے امتحانات میں الحمداللہ اس سال بھی سب سے زیادہ جامعۃ المحصنات کی طالبات نے ہی نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس علم سے انہیں بھرپور فوائد نصیب کرے۔ تمام طالبات کے لئے ڈھیروں دعائیں اور مبارکباد۔

# آل پاکستان پوزیشن ہولڈرز طالبات

۱۴۴۲
2021

### شہادہ عالمیہ سال دوم طالبات

| پوزیشن | رول نمبر | نام | ولدیت | مدرسہ | حاصل کردہ نمبر | رہائشی ضلع |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پہلی | 509 | فرحانہ جہانگیر | جہانگیر بدر | جامعۃ المحصنات محلہ اپر چنئی مانسہرہ | 546/600 | مانسہرہ |
| دوسری | 595 | رافعہ رشید | عبدالرشید شیخ | جامعۃ المحصنات بھٹائی کالونی کراچی | 545/600 | کراچی |
| تیسری | 518 | حرا خلیل | خلیل الرحمٰن | جامعۃ المحصنات خیام ٹاؤن اسلام آباد | 542/600 | راولپنڈی |

### شہادہ عالمیہ سال اول طالبات

| پوزیشن | رول نمبر | نام | ولدیت | مدرسہ | حاصل کردہ نمبر | رہائشی ضلع |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پہلی | 486 | طیبہ ذاکر | محمد ذاکر | جامعۃ المحصنات محلہ اپر چنئی مانسہرہ | 536/600 | مانسہرہ |
| دوسری | 535 | ثناء سید | سید غفار | جامعۃ المحصنات منصورہ ملتان روڈ لاہور | 535/600 | چترال |
| تیسری | 527 | اقصیٰ | محمد اصغر | جامعہ عربیہ جی ٹی روڈ گوجرانوالہ | 534/600 | سیالکوٹ |

رابطۃ المدارس الاسلامیۃ پاکستان
منصورہ ملتان روڈ لاہور فون: 04235252209
www.rabtatulmadaris.com.pk
Email: rabtatulmadaris@gmail.com

# آل پاکستان پوزیشن ہولڈرز طالبات

۱۴۴۲
2021

## شہادہ عالیہ طالبات

| پوزیشن | رول نمبر | نام | ولدیت | مدرسہ | حاصل کردہ نمبر | رہائشی ضلع |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پہلی | 443 | اقراء سلطان | سلطان | جامعۃ المحصنات محلہ اپر چنئی مانسہرہ | 519/600 | ایبٹ آباد |
| دوسری | 15 | ایمن | عطاء الرحمن | جامعہ اسلامیہ تفہیم القرآن للنساء والبنات مردان | 518/600 | صوابی |
| تیسری | 102 | رابعہ | عبدالصمد | جامعہ ام سلمیٰ انقلاب روڈ چمکنی پشاور | 517/600 | پشاور |

## شہادہ متوسطہ طالبات

| پوزیشن | رول نمبر | نام | ولدیت | مدرسہ | حاصل کردہ نمبر | رہائشی ضلع |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پہلی | 442 | انہار بی بی | رحمت وہاب | جامعۃ المحصنات خیر آباد نوشہرہ | 501/600 | دیر پائین |
| پہلی | 474 | لائبہ ستار | محمد عبدالستار | جامعۃ المحصنات ٹوبہ ٹیک سنگھ | 501/600 | ٹوبہ ٹیک سنگھ |
| دوسری | 473 | ماریہ | محمد جہانگیر تارڑ | جامعۃ المحصنات حافظ آباد | 500/600 | حافظ آباد |
| تیسری | 449 | فضہ | محمد سلیم | جامعۃ المحصنات نواں شہر ایبٹ آباد | 491/600 | ایبٹ آباد |

## شہادہ ثانویہ عامہ طالبات

| پوزیشن | رول نمبر | نام | ولدیت | مدرسہ | حاصل کردہ نمبر | رہائشی ضلع |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پہلی | 0013 | لبیبہ قیوم | فضل قیوم | جامعہ اسلامیہ تفہیم القرآن للنساء والبنات مردان | 913/1000 | ملاکنڈ |
| دوسری | 1181 | حافظہ رملہ طارق | محمد طارق | جامعۃ المحصنات للبنات شرینگل دیر بالا | 904/1000 | چارسدہ |
| تیسری | 612 | حسینہ بیگم | امین الرحمن | جامعۃ الاصلاح شاٹئی درہ بلامبٹ دیر پائین | 902/1000 | دیر پائین |

## شہادہ ثانویہ خاصہ طالبات

| پوزیشن | رول نمبر | نام | ولدیت | مدرسہ | حاصل کردہ نمبر | رہائشی ضلع |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پہلی | 1113 | امۃ اللہ رحماء باسط | محمد عبدالباسط | جامعۃ المحصنات منصورہ ملتان روڈ لاہور | 548/600 | لاہور |
| دوسری | 895 | ماریہ بی بی | ملک امان | جامعۃ المحصنات محلہ اپر چنئی مانسہرہ | 544/600 | مانسہرہ |
| تیسری | 970 | حفصہ | عبدالرشید | جامعۃ المحصنات منصورہ ملتان روڈ لاہور | 543/600 | گوجرانوالہ |


رابطۃ المدارس الاسلامیہ پاکستان

منصورہ ملتان روڈ لاہور فون : 04235252209
www.rabtatulmadaris.com.pk
Email: rabtatulmadaris@gmail.com

## مرکزی دفتر میں مسئلہ فلسطین پر پروگرام:

جامعات المحصنات پاکستان کے مرکزی دفتر میں المحصنات ٹریننگ انسٹیٹیوٹ کے زیرِ اہتمام مسئلہ فلسطین و تاریخ کے حوالے سے ماسٹر ٹریز اور جوائنٹ سیکرٹری نورین صدیقی نے ورکشاپ کرائی۔ انہوں نے مسئلہ فلسطین اور قبلہ اول کی اہمیت و تاریخ کے بارے میں بتاتے ہوئے کہا کہ فلسطین انبیاء کی سرزمین ہے۔ حالیہ دنوں میں اسرائیل کی طرف سے بیت المقدس اور غزہ میں برپا کی گئی چنگیزیت نے جو ہمارے دلوں میں آگ لگائی ہے اس کی تپش ہماری اگلی نسلوں میں منتقل ہونا نہایت ضروری ہے ورنہ ہم خاطر خواہ نتائج حاصل نہیں کر سکیں گے۔ ورکشاپ میں شرکاء کی بھرپور تعداد میں شرکت پر جامعات المحصنات پاکستان کی نائب نگراں ایمان صادقہ نے شکریہ ادا کیا۔

## عصرِ حاضر کے تقاضے ۔ لیکچر:

جامعات المحصنات پاکستان کے شعبہ نصاب کے تحت آفاق کے تعاون سے لائن لیکچر کا اہتمام کیا گیا جس میں ''عصر حاضر کے تقاضے کیا ہیں'' کے آن عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہونے کے لئے درس نظامی کے نصاب میں کن تبدیلیوں کی ضرورت ہے پر گفتگو کی گئی۔ نشست میں نگران جامعات کے علاوہ شعبہ نصاب کے ممبران نے شرکت کی۔

## نگراں شعبہ جات کا اجلاس:

جامعات المحصنات پاکستان کے تحت مرکزی دفتر میں نگراں ڈپارٹمنٹس کے اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ تذکیری گفتگو کے بعد شعبہ جات نے جولائی 2020 تا مئی 2021 کی سالانہ کارکردگی کا جائزہ پیش کیا۔ بعد ازاں نگراں جامعات المحصنات پاکستان ثوبیہ عبدالسلام نے اپنی ٹیم کا اعلان کیا۔ نائب نگراں جامعات المحصنات خالدہ طارق، فرحانہ کوثر اور ایمان صادقہ، جنرل سیکرٹری انجم وصی اور جوائنٹ سیکرٹری نورین صدیقی ہوں گی۔

## سالِ اول 2021 کے نتائج:

جامعات المحصنات پاکستان کے شعبہ امتحانات کے تحت پہلے سال کے سالانہ امتحانات 2021ء/1442ھ کے نتائج کا اعلان کیا گیا۔ اس سال 20 جامعات نے امتحان میں شرکت کی۔ اور مجموعی رزلٹ 82% فیصد رہا۔ نگران جامعات المحصنات پاکستان افشاں نوید نے جامعات کی پرنسپلز، اساتذہ اور طالبات اور ان کے والدین کو مبارکباد دی اور امید ظاہر کی کہ جامعات المحصنات اپنے مشن کے حصول میں اسی طرح سرگرم رہیں گی

## آن لائن تجوید کورس:

جامعات المحصنات پاکستان کے شعبہ نصاب کے تحت طالبات اور خواتین کے لئے بیس روزہ آن لائن تجوید کورس کا انعقاد کیا گیا۔ جس کے اختتام پر شرکا کو اسناد بھی دیے گئے۔



## لیکچر۔ جامعات المحصنات اور اکیسویں صدی کا چیلنج:

جامعات المحصنات پاکستان کے مرکزی دفتر میں معروف تربیتی ادارے ای آر ڈی سی کے چیئرمین سلمان آصف کے ساتھ ایک نشست جامعات المحصنات اور اکیسویں صدی کے چیلنجز کے عنوان کے تحت رکھی گئی۔ نشست کے آغاز میں جامعات المحصنات پاکستان کی نگراں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم اس وقت لگ بھگ دس ہزار طالبات کا نیٹ ورک چلا رہے ہیں سب سے پہلے ہمیں یہ معلوم کرنا ہوگا کہ دراصل اکیسویں صدی کے چیلنجز کیا ہیں جن کا سامنا درس نظامی کے اساتذہ اور طالبات کو کرنا ہوگا اور اس حوالے سے ہمارا تربیتی نظام کہاں کھڑا ہے۔ سلمان آصف نے موضوع کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نصاب کی اہمیت اپنی جگہ مسلم ہے اس کے ساتھ ہی ہمارے نظام تعلیم کا فوکس قلب ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج امت مسلمہ مغرب کے تین بڑے حملوں کا شکار ہے یعنی حدمدیت، سرمایہ دارانہ نظام اور الحاد۔ ہمیں اپنی نسل نو کی تربیت ان خطوط پر کرنی ہوگی کہ وہ ان حملوں کا مقابلہ کرسکیں۔

## استحکام خاندان مہم:

جامعات المحصنات پاکستان کے زیر اہتمام استحکام خاندان کے حوالے سے زوم پر فکری نشست کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ملک کی معروف دینی اسکالرز نے اپنی گفتگو رکھی۔

## آن لائن تربیتی لیکچر۔ طالبات کی ذہنی نشونما میں معلمات کا کردار:

جامعات المحصنات پاکستان کے شعبہ تربیت کے تحت معلمات کے لئے آن لائن تربیتی لیکچر بعنوان ''طالبات کی ذہنی نشونما میں معلمات کا کردار'' کرایا گیا۔ جس میں معلمات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ جامعات المحصنات کے شعبہ تربیت کے تحت تمام جامعات کی شعبہ تربیت کی نگرانات کے لئے ایک آن لائن جائزہ نشست کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

## دورہ جامعۃ المحصنات سنجھورو اور کوئٹہ:

نگراں جامعات المحصنات پاکستان نے جامعۃ المحصنات سنجھورو کا دورہ کیا جہاں انہوں نے تقریب تقسیم اسناد میں شرکت کی۔ بعدازاں وہ کوئٹہ روانہ ہوگئیں۔ ان کے ہمراہ سیکرٹری جنرل نسرین انجم وصی بھی تھیں۔ جامعات المحصنات کوئٹہ میں تکمیل بخاری شریف کی تقریب زیرصدارت نگران جامعات المحصنات پاکستان افشاں نوید کا انعقاد کیا گیا۔ جب کہ مہمان خصوصی نگران جامعات المحصنات کوئٹہ ثمینہ سعید تھیں۔ کوئٹہ جامعہ کی یہ پہلی تکمیل بخاری کی تقریب تھی۔

علاوہ ازیں نگران جامعات نے بلوچستان کے علاقے زہری (خضدار)، ژوب کی جامعات کا بھی دورہ کیا۔ جامعہ ژوب میں عالمیہ کا پہلا بیج زیر تعلیم ہے۔

## فہمِ دین کورس:

جامعات المحصنات پاکستان کے مرکزی شعبہ ارتقاء منہج تعلیم کے تحت آن لائن فہم دین کورس کا انعقاد کیا گیا۔ کورس تین ماہ پر مشتمل ہے جس میں تجوید القرآن، ترجمہ و تفسیر (منتخب سورتیں)، حدیث، آداب زندگی، فقہ اور مختلف عنوانات پر لیکچرز رکھے گئے۔ اس حوالے سے نائب نگران شعبہ ارتقاء منہج تعلیم محترمہ آسیہ عمران کا لیکچر بعنوان " گھریلو تشدد بل پس پردہ عزائم " اور ذی الحجہ کے موضوع پر سابقہ نگران محترمہ افشاں نوید کا لیکچر ہوا۔

## سہ روزہ تربیت گاہ برائے ماسٹر ٹرینرز:

جامعات المحصنات پاکستان کے ٹریننگ انسٹیٹیوٹ کے زیرِ انتظام کمیونٹی اسکولز نیٹ ورک کے مرکزی دفتر میں صوبہ سندھ اور بلوچستان کی جامعات کے معلمات کے لئے ’’وجعلنا للمتقین اماما‘‘ کے عنوان سے سہ روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ میں نامور اسکالرز اور موٹیویشنل ٹرینرز نے انتہائی موثر سیشنز کروائے جن میں شیخ الحدیث مولانا عطاء الرحمٰن صاحب، سرٹیفائیڈ ٹرینرز و ایم فل اسکالر نمیر احمد صاحب، ممبر شعبہ تربیت رفاہ یونیورسٹی ڈاکٹر سعدیہ اعجاز صاحبہ اور موٹیویشنل اسپیکر سعد زبیری صاحب اور دیگر مقررین شامل ہیں۔ پروگرام کے اختتام پر جامعات المحصنات پاکستان کی بانی رکن محترمہ امت الرقیب صاحبہ نے جامعہ کی مرکزی ٹیم کی طرف سے انہیں تحائف اور جامعہ کا تشہیری مواد پیش کیا۔








# جامعات کی خبریں

## تقریب ''پھر ملاقات چاہئے''

جامعہ المحصنات لاہور کی طالبات کے ساتھ نائب نگراں جامعات محترمہ امت الرقیب خالہ جان اور سابقہ قیمہ محترمہ عائشہ منور کی ایک نشست ہوئی جس میں صدر الخدمت فاونڈیشن خواتین ونگ کلثوم رانجھا اور نائب کلثوم اختر بھی موجود تھیں۔ امت الرقیب صاحبہ نے طالبات سے دینی تعلیم کے حصول کی بنا پر مختلف سوالات کئے۔ طالبات کا کہنا تھا کہ وہ جامعہ سے فراغت کے بعد مزید تعلیم حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ دین کا کام کریں گی۔ اس کے بعد امت الرقیب خالہ جان نے جماعت اسلامی کے نصب العین کو واضح کیا۔ بعد ازاں سابقہ قیمہ محترمہ عائشہ منور نے اپنی مختصر، موثر اور جامع گفتگو میں واضح کیا کہ جماعت اسلامی کے ساتھ وابستگی کے بغیر مقصد زندگی کا فریضہ ادا کرنا ناممکن ہے۔

## ویلکم پارٹی:

جامعۃ المحصنات کراچی میں ویلکم پارٹی وعید ملن کا اہتمام کیا گیا۔ اس بزم میں جامعہ میں امسال داخلہ لینے والی طالبات کا پرانی طالبات کی جانب سے بھرپور استقبال کیا گیا۔ وائس پرنسپل آمنہ نذیر نے طالبات کو جامعہ کے تنظیمی ڈھانچے اور اصول وضوابط سے آگاہ کیا۔ طالبات نے اپنے فلسطینی بھائیوں سے اظہار محبت کرنے کے لئے ایک خاکہ پیش کیا۔ ڈین اسلامی جمعیت طالبات پاکستان شفا ہما نے جمعیت طالبات پاکستان کا تعارف پیش کرتے ہوئے طالبات کو فتن کے موجودہ دور میں دینی اجتماعیت سے جڑنے کی دعوت دی۔ پرنسپل رابعہ خبیب نے اختتامی گفتگو میں طالبات کو پیغام دیا کہ انسان کی فلاح اسی راہ کو اپنانے میں ہے جو اللہ اور رسول ﷺ کا ہے۔ جامعہ کا مشن دین کو عملی زندگی میں ڈھالنے کی کھلی دعوت ہے۔



## فلسطین مارچ میں شرکت

☆ضلع حیدر آباد کی طرف سے فلسطین مارچ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں جامعۃ المحصنات منصورہ سندھ کی طالبات نے شرکت کی اور نظم وضبط کی ڈیوٹی بھی سر انجام دی۔

## فلسطین القدس لنا:

جامعۃ المحصنات ملتان میں نگران جے آئی یوتھ محترمہ ام معبد نے فلسطین ورکشاپ کروائی۔جس میں جامعہ ملتان کی طالبات نے بھرپور شرکت کی اور دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔فلسطین فنڈ جمع کیا گیا۔اور تمام شرکاء نے جائزہ فارم بھی فل کئے۔




## عیدملن پارٹی:

جامعۃ المحصنات ٹوبہ ٹیک سنگھ میں "عیدملن پارٹی فلسطینی بہن بھائیوں کیساتھ" کا انعقاد کیا گیا۔جس میں ورکشاپ "فلسطین القدس لنا" کے موضوع پر کروائی گئی۔مختلف سرگرمیاں ہوئیں جن میں گیمز کھلائے گئے،پوسٹر سازی مقابلہ موضوع "مسجد اقصیٰ روتی ہے امت مسلمہ سوتی ہے" پر ہوا،فلسطین سے اظہارِ یکجہتی پر ترانے،ٹیبلو اور خاکہ پیش کیا گیا۔الحمدللہ تمام طالبات نے بہت دلچسپی اور شوق کیساتھ بھرپور شرکت کی۔آخر میں طالبات کی آگاہی کے لئے اسرائیلی مصنوعات کے بائیکاٹ اور متبادل پاکستانی مصنوعات اپنانے پر بھی سرگرمی رکھی گئی۔

## مسئلہ فلسطین پر ورکشاپ کا انعقاد

☆ جامعۃ المحصنات منصورہ سندھ میں طالبات کو مسئلہ فلسطین سے آگہی دینے کے لئے ورکشاپ کرائی گئی۔جس میں تمام طالبات نے دلچسپی لی اور اپنے لیے کرنے کاموں کو بھی نوٹ کیا۔۔طالبات نے اصول لیا کہ فلسطین کی تاریخ کو مکمل جانیں گے اور اپنے گھروں میں آگہی دیں گے،اور دوسروں کو بھی تاریخ فلسطین سے آگاہ کریں گے. طالبات نے اس بات کا بھی عزم کیا کہ تمام اسرائیلی پروڈکٹس کا بائیکاٹ کریں گے اور اس حوالے سے لسٹ بھی بنا کر مختلف جگہوں پر لگائیں گے۔.بعدازاں طالبات نے فلسطین فنڈ جمع کیا۔

☆ جامعۃ المحصنات کوئٹہ میں مسئلہ وتاریخ فلسطین کے حوالے سے طالبات کے لئے ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا۔




☆ جامعۃ المحصنات حب بلوچستان میں فلسطین کے ساتھ اظہار یکجہتی کے سلسلے میں پروگرام کا اہتمام کیا گیا۔ طالبات کے مابین فلسطین کے حوالے سے ترانے، ٹیبلو، چارٹس اور تقاریر کے مقابلے رکھے گئے جس میں طالبات نے جوش و جذبے کے ساتھ حصہ لیا۔ بعدازاں ایک لیکچر رکھا گیا جس میں معلّمہ مسرت لاشاری نے شرکاء کو فلسطین کی تاریخ، اہمیت، موجودہ حالت اور اسرائیل کی ناپاک سازشوں کے متعلق آگاہ کیا۔ پرنسپل جامعۃ المحصنات حب شاہدہ وارث نے اپنے خطاب میں بات کہی کہ بیت المقدس مسلمانوں کا قبلہ اول ہے جس کی حفاظت ہر مسلمان کے ایمان کا لازمی حصہ ہے





## جامعۃ المحصنات کراچی اسکول سسٹم کے سالانہ نتائج:



جامعۃ المحصنات کراچی میں اسکولنگ سسٹم کے تحت انجام پانے والے امتحانات کے نتائج کا اعلان کیا گیا۔ نیز ماؤں کے لیے تربیتی سیشن کا اہتمام کیا جس میں جامعۃ المحصنات کراچی کی تعارفی پریزنٹیشن پیش کی گئی۔ جامعۃ المحصنات کراچی کے قیام کے مقاصد کے ساتھ ساتھ مستقبل کے لائحہ عمل سے ماؤں کو آگاہ کیا گیا۔ کامیاب ہونے والی طالبات میں تحائف تقسیم کئے گئے۔۔ پرنسپل جامعۃ المحصنات کراچی رابعہ خبیب صاحبہ نے تنازعہ فلسطین اور مسجد اقصی پر قبضے کی مزموم یہودی کوشش سے ماؤں کو آگاہی فراہم کی اور موجودہ حالات میں بچوں کی تربیت کے حوالے سے اہم گوشوں پر توجہ مبذول کرنے کا پیغام دیا۔

## ریڈ مودودی آن لائن تقریری مقابلہ:

ریڈ مودودی آن لائن کے تحت مقابلہ مضمون نویسی کا انعقاد کیا گیا جس میں جامعۃ المحصنات کراچی کی دو سابقہ طالبات عائشہ زکریا اور عائشہ محمود نے دو مختلف کیٹگری میں اول انعامات حاصل کئے۔

☆ ضلع شہداد پور نے جامعۃ المحصنات منصورہ سندھ کو خصوصی ریلی میں شرکت کی دعوت دی۔ جامعہ منصورہ کی طالبات نے وہاں بھی شرکت کی۔ بچیوں نے سب سے پہلے اپنے گھروں اور فیملی ممبرز سے فلسطین کے لے فنڈ جمع کئے۔

## آن لائن عالمیات سیشن:

جامعات المحصنات پاکستان کے زیرِ اہتمام کل پاکستان جامعات کی عالمیات کے لئے آن لائن سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ جس مین سابقہ نگراں محترمہ افشاں نوید نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ "جامعہ سے باہر کی دنیا تنہائی کا متقاضی نہیں ہے۔ قابل مبارکباد ہیں وہ والدین جنہوں نے اس مادہ پرستانہ دور میں جب مطلوب کچھ اور ہے، انہوں نے آپ کے لئے ان اداروں کا انتخاب کیا جہاں جدید ذرائع کا استعمال کرتے ہوئے دین کی تعلیم سے آراستہ کیا جاتا ہے۔ آپ کا کردار جامعات المحصنات پاکستان کی شناخت ہے، آپ کا ہر عمل آپ کے تعلیمی ادارے کے پکڑے میں جائے گا"۔۔۔۔

## لیکچر۔ کنسلٹینٹ ایجوکیشنل سوشل بیجیورال اینڈ ہیلتھ پرابلمز :

جامعۃ المحصنات کراچی انٹرمیڈیٹ گرلز کالج و درس نظامی میں طالبات و معلمات کے لیے ذہنی، تعلیمی اور جسمانی صحت کے عنوان سے(Consultant Educational Social Behavioral' and Health Problems) کے لیکچر کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈاکٹر نسیم احمد نے تعلیم کے بنیادی مقاصد بیان کرتے ہوئے علم سے محبت کو اللہ ربی کی معرفت کی بنیاد قرار دیا، ساتھ ہی یہ تذویر کروائی کہ علم کی بدولت انسان کو فضیلت ملی۔ ذہنی اور جسمانی صحت کے اصول بیان کئے نیز طالبات کو یہ پیغام دیا کہ ذہنی صحت برقرار رکھنے کے لئے جسمانی صحت کا ہونا لازمی ہے۔اس حوالے سے انہوں ضروری اوراہم ہدایات و معلومات دیں۔





## سالانہ تقسیمِ اسناد:

جامعۃ المحصنات لاڑکانہ میں سالانہ تقسیم اسناد کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں مہمانان خصوصی ڈپٹی سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان رعنا فضل، ناظمہ صوبہ سندھ جماعت اسلامی عطیہ نثار نائب ناظمہ صوبہ سندھ عائشہ ظہیر تھیں۔ محصنات اسکول کی بچیوں نے ویلکم ٹیبلو پیش کیا۔ مستحکم خاندان کے عنوان پر طالبات نے تقاریر کیں۔ جامعہ لاڑکانہ کی پرنسپل نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔اجتمائی دعا سے پروگرام کا اختتام ہوا۔





# تقریب تکمیل تفسیر قرآن پاک و بخاری شریف

جامعۃ المحصنات کراچی میں تقریب تکمیل تفسیر قرآن پاک و بخاری شریف منعقد کی گئی۔تقریب میں امیر جماعت اسلامی پاکستان اج الحق صاحب امیر صوبہ سندھ محمد حسین محنتی صاحب امیر کراچی محترم حافظ نعیم رحمان صاحب، نائب قیمہ جماعت اسلامی رعنا فضل صاحبہ ناظمہ کراچی محترمہ اسماء سفیر صاحبہ نگران جامعۃ المحصنات پاکستان محترمہ افشاں نوید صاحبہ، محترمہ امت الرقیب، چیئر پرسن المحصنات ٹرسٹ تحسین فاطمہ، صدر مالیاتی کمیٹی منور اخلاص اور دیگر مہمانان گرامی نے شرکت کی۔










جامعۃ المحصنات مانسہرہ میں خاصہ دوم کی طالبات کو اللہ نے اپنے رحم وکرم سے قرآن کو ترجمہ وتفسیر کے ساتھ مکمل پڑھنے کے اعزاز سے نوازا۔جس کے بعد تکمیل قرآن کے پروگرام کا انعقاد ہوا۔علاوہ ازیں مسئلہ کشمیر کو اجاگر کرنے کے لئے حلقہ خواتین جماعت اسلامی مانسہرہ کے تعاون سے یوم یکجہتی کشمیر کا پروگرام رکھا گیا۔پروگرام میں حلقہ خواتین مانسہرہ کی ارکان کے ساتھ طالبات کی والدات نے بھی شرکت کی۔





## تقریب تکمیلِ بخاری شریف:

جامعۃ المحصنات لاہور میں تقریب تکمیل بخاری شریف میں شیخ الحدیث مولانا عبدالمالک نے خطاب کرتے ہوئے طالبات کو اسوہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں اپنے اخلاق و کردار میں تاحیات تبدیلی و اصلاح کے عمل پر زور دیا۔

نگران جامعات المحصنات پاکستان افشاں نوید نے کہا کہ اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ ہر سطح کی تعلیم میں طالبات کے لئے قرآن و حدیث کی کلاسز کا اجرا کیا جائے اور اس کے ساتھ ساتھ سیرت اور اسلامی کتب کے مطالعہ کے رجحان میں اضافے کی کوششیں کی جائیں۔ طالبات کو نظریہ پاکستان اور اسلام کے ساتھ مکمل طور پر جوڑ دیا جائے. پرنسپل جامعہ مہ جبین نے کہا کہ اس وقت دینی تعلیم کے ادارے ہی طالبات کی دنیوی و عصری تعلیم اور تربیت کا فریضہ صحیح معنوں میں انجام دے رہے ہیں۔ جامعۃ المحصنات تمام دینی اداروں میں نمایاں اور منفرد نظام تعلیم رکھتا ہے جس میں بہترین عصری تعلیم و اخلاقی تربیت کا عملی سسٹم مہیا کیا جاتا ہے۔ معروف اسکالر فرزانہ چیمہ نے کہا کہ افسوس کا مقام ہے ہمارے معاشرے میں بچیوں کی تعلیم و تربیت کے دوران اس بات کو فراموش کر دیا جاتا ہے کہ فطرت نے عورت کے اندر جو کثیف و لطیف جذبات رکھے ہیں, وہی کل کو نمو پا کر خاندانی نظام کی تکمیل کی سنگ بنیاد بنتے ہیں۔

پروگرام کے آخر میں طالبات کو کتب کے تحائف بھی دیے گئے۔







## سالانہ تربیت گاہ برائے طالبات:

جامعۃ المحصنات اسلام آباد میں سالانہ تربیتی نشست کا انعقاد کیا گیا۔ طالبات کی تربیت کیلیے سلمی عبدالقیوم نے سورۃ النمل کی آیات پر درس قرآن دیا۔ خاندانی نظام کی اہمیت و افادیت پر ایک لیکچر ڈاکٹر سعدیہ اعجاز نے دیا جس میں خاندان کی اہمیت اور آج معاشرے میں درپیش چیلنجز پر بات رکھی۔ نیز طالبات کے لئے دیگر سرگرمیاں بھی رکھی گئی۔ تقریب کے اختتام پر نائب نگران جامعات المحصنات پاکستان فرحانہ نادر نے طالبات سے خصوصی گفتگو کی اور ان کی کوششوں کو سراہا اس کے ساتھ دعا سے تقریب کا اختتام کیا۔






## سالانہ تربیت گاہ:

جامعۃ المحصنات منصورہ سندھ میں سالانہ تربیت گاہ برائے طالبات کا انعقاد ہوا۔ جس میں نگران مرکزی شعبہ تربیت جامعات المحصنات پاکستان قراۃ العین، سیکریٹری تنظیم اساتذہ پاکستان و مدیرہ شعاع فکر ایسوسی ایٹ پروفیسر عفت شاھد، نگران قرآن انسٹیٹیوٹ خورشید آباد امیر بی بی، ناظمہ اسلامی جمعیت طالبات حیدرآباد ڈویژن سدرہ نے شرکت کی۔ تربیت گاہ میں درس قرآن، ورکشاپ بعنوان استحکام خاندان، سرگرمیاں، تحریری مقابلہ بعنوان ''مضبوط خاندان میں عورت کا کردار'' ہوئے۔ علاوہ ازیں اسلامی جمعیت طالبات کا تعارف پیش کیا گیا اور طالبات نے جمعیت کے فارم فل کیے۔ فارغ ہونے والی طالبات کو تحائف دیے اور جمعیت کا اسٹال بھی لگایا۔



## استحکام خاندان مہم

استحکام خاندان مہم کے حوالے سے مقامی ہال میں ہونے والے پروگرام بعنوان ''یہ عورت نہ ہوتی تو کچھ بھی نہ ہوتا'' میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی خواتین نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر شہلا رضا صاحبہ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ ڈسکشن فورم میں نگران جامعات المحصنات پاکستان محترمہ افشاں نوید، ماہر تعلیم محترمہ صفورا نعیم کمپیوٹر انسٹریکٹر WAT محترمہ زینب منیر، ڈاکٹر زرین تحسین اور محترمہ شائستہ طارق نے اپنی کامیاب زندگی کے احوال حاضرین کے سامنے رکھے۔ افشاں نوید نے اپنی کتاب شہلا رضا کو بطور تحفہ پیش کی۔ ڈسکشن فورم کے شرکاء کو شہلا رضا کے ہاتھوں شیلڈ اور تحائف دیئے گئے۔

## سالانہ تربیت گاہ برائے طالبات بسلسلہ استحکام خاندان

جامعۃ المحصنات ملتان میں سالانہ تربیت گاہ برائے طالبات بسلسہ استحکام خاندان منعقد ہوئی۔ پروگرام میں نگران جے آئی یوتھ محترمہ شگفتہ فاروق کا سورہ تحریم پر درس قرآن ہوا۔ نائب ناظمہ ضلع ملتان۔ محترمہ ام معبد نے عنوان "خاندان ایک سائبان" پر ورکشاپ کروائی جس میں طالبات نے بھرپور حصہ لیا۔ اس کے بعد میمونہ عالمگیر نے جمیعت کا تعارف پیش کیا۔ بعدازاں طالبات کے مابین کوکنگ اور تحریری مقابلہ ہوا جس میں طالبات نے دلچسپی اور شوق سے حصہ لیا۔ تقریب کے اختتام پر نگران جامعہ ملتان سلمہ طارق نے خطاب کیا۔ اور طالبات و اساتذہ کی کوششوں کو سراہا۔ پرنسپل شازیہ اکرم نے طالبات میں تحائف تقسیم کیے۔

## سالانہ تربیت گاہ بسلسلہ مستحکم معاشرہ

جامعۃ المحصنات حب بلوچستان میں سالانہ تربیت گاہ بسلسلہ مستحکم معاشرہ کا انعقاد ہوا جس میں امیر صوبہ بلوچستان حافظ اسمعیل صاحب کا درس قرآن ہوا۔ درس کے بعد طالبات کے مابین کوکنگ اور تحریر کا مقابلہ کروایا گیا۔ بعدازاں بموضوع مستحکم خاندان کے حوالے سے معلّمہ صاحبہ عالم نے ورکشاپ کروائی جس میں طالبات نے بھی بھرپور حصہ لیا پروگرام کو مزید موثر بنانے کے لیے طالبات نے جوش وخروش سے ترانے پڑھے۔۔ناظمہ ضلع نسیمہ صدیق اور نگراں جے آئی یوتھ ماروی عبید نے جماعت اسلامی اور جے آئی یوتھ کا تعارف طالبات کے سامنے رکھا۔ پروگرام کے اختتام پر پرنسپل اور وائس پرنسپل نے اپنے خطابات کے ذریعے رہنمائی کی۔

## کراچی میں تربیتی نشست کا انعقاد

جامعۃ المحصنات کراچی انٹرمیڈیٹ اینڈ گرلز کالج و درس نظامی میں مرکز المحصنات پاکستان کے تحت طالبات کیلئے بعنوان مضبوط خاندان محفوظ عورت مستحکم معاشرہ سالانہ تربیتی نشست کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں نائب ناظمہ حلقہ خواتین کراچی ثمینہ عتیق، سابقہ نگران جامعات المحصنات پاکستان افشاں نوید، امت الرقیب، نائب نگران جے آئی یوتھ لبنیٰ اخلاص نے شرکت کی۔ افشاں نوید نے اپنے خطاب کے دوران بچیوں کو برداشت صبر اور احترام کی تلقین کرتے ہوئے یہ کہا گھروں کی تشکیل اور تعمیر کے لئے یہی اوصاف کلیدی حیثیت رکھتے ہیں جن کے ہونے سے گھر سنورتے ہیں اور نہ ہونے سے معاشرے بگڑ جاتے ہیں۔ نشست کے اختتام پر پرنسپل جامعۃ المحصنات کراچی نے مہمانان کا شکریہ ادا کیا۔





## سالانہ تربیت گاہیں

جامعۃ المحصنات چترال گولدور میں سالانہ تربیت گاہ منعقد ہوئی۔ ناظمہ ضلع طاہرہ عبدالرحیم اور یوتھ کے ٹیم اور موثر افراد نے شرکت کی۔ سب مربین نے جامع انداز میں اپنے موضوعات پر لیکچر دیئے۔ طالبات نے انتہائی سلیقے اور شوق کے ساتھ مختلف ڈیشز بھی بنائیں ناظمہ ضلع اور ان کی ٹیم نے آخر میں انعامات تقسیم کئے اور طالبات کی محنتوں اور کاوشوں کو سراہا۔





جامعۃ المحصنات لاڑکانہ میں ایک روزہ ضلعی تربیت گاہ منعقد ہوئی، ناظمہ صوبہ سندھ جماعتِ اسلامی حلقہ خواتین محترمہ عطیہ نثار نے اپنی ٹیم کے ساتھ شرکت کی۔ اختتام پر جامعہ لاڑکانہ کی خاصہ ثانی کا ختم القرآن کا پروگرام ہوا۔ ناظمہ صوبہ نے قرآن کی اہمیت اور مشن پر روشنی ڈالی اور طالبات میں تحائف تقسیم کئے۔ تھی۔

اس کے علاوہ رتوڈیرو ضلع لاڑکانہ میں استحکامِ خاندان کے موضوع پر ایک اور پروگرام ہوا جو کہ گل افشاں نے کروایا۔ اس میں 120 خواتین نے شرکت کی اور 40 بچے شریک ہوئے۔ بچوں کا پروگرام کا علیحدہ انتظام تھا۔

## یومِ حیا

جامعۃ المحصنات حب بلوچستان میں یومِ حیا منایا گیا جس میں جامعہ کی طالبات کے مابین یومِ حیا کی مناسبت سے مقابلہ جات کا انعقاد کیا گیا۔ پرنسپل جامعہ شاہدہ وارث نے اپنے لیکچر میں کہا کہ حیا ایمان کا حصہ ہے بحثیت مسلمان ہمارے ایمان کا تقاضا ہے کہ ہمیں اپنے معاشرے کو مغربی ذہنیت سے آزاد کرنا ہوگا اور بے حیائی کو معاشرے سے ختم کر کے حیا کے کلچر کو عام کرنا ہے۔ اس حوالے سے ایک قرارداد منظور کروائی گئی جس میں حکومتِ پاکستان سے یہ مطالبہ کیا گیا کہ حیا کے کلچر کو پاکستان میں رائج کر کے پاکستان میں اسلامی نظام نافذ کیا جائے۔



